درخواست دینے کا طریقہ کار: ایٹا کی ویب سائٹ پر اپنی پروفائل بنانے کے بعد اور فیس جمع کرنے سے پہلے نادرا ای سہولت ٹوکن ایٹا کی ویب سائٹ سے پرنٹ کر کے کسی بھی ای سہولت فرنچائز (کیاسک) پر بمع اپنے اصلی شناختی کارڈ جا کر اپنے شناختی کارڈ نمبر کی تصدیق کریں۔ اس تصدیق کے بغیر آپ کسی بھی آسامی کے لئے اپلائی نہیں کر سکیں گے (تصدیق شدہ پروفائل کی دوبارہ تصدیق کی ضرورت نہیں)۔ پروفائل کی تصدیق کے بعد فیس جمع کرنے کے لئے ڈیپازٹ سلپ ایٹا کی ویب سائٹ سے پرنٹ کریں اور کسی بھی JAZZ-CASH یا EASY-PAISA ایجنٹ یا نادرا کے ای سہولت مرکز پر جا کر مبلغ 650 روپے (امتحانی فیس ناقابل واپسی) جمع کرائیں جس کا تصدیقی SMS آپ کو موصول ہوگا۔ امتحانی فیس Easy-Paisa یا Jazz-Cash ایپلیکیشن کے ذریعے اپنے موبائل فون سے بھی جمع کرائی جا سکتی ہے۔ اصل ڈیپازٹ سلپ اپنے پاس محفوظ رکھیں کیونکہ ڈیپازٹ سلپ اور رول نمبر سلپ کے بغیر امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں دی جائیگی۔ کوئی بھی تعلیمی دستاویزات/اسناد ایٹا آفس بھیجنے کی زحمت نہ کریں۔ ضرورت پڑنے پر ایٹا آپ سے خود رابطہ کرے گا۔ ٹیسٹ اور رول نمبر سے متعلقہ تمام اطلاعات بذریعہ ایس ایم ایس، فیس بک/سوشل میڈیا، ایٹا ویب سائٹ اور IVR کال (آٹومیٹک ٹیلیفون کال) نمبر 091-7400740 کے ذریعے دی جائے گی۔ ٹیسٹ کی تاریخ، وقت، سنٹر کی تفصیل رول نمبر سلپ میں درج ہوگی۔ یاد رکھیں رول نمبر سلپ کسی بھی امیدوار کو بذریعہ ڈاک ارسال نہیں کی جائے گی۔ اگر آپ کی سم کا نیٹ ورک تبدیل ہے یا آپ کے موبائل پر پروموشن مسیجز بلاک ہوں تو آپ کو ایٹا کی طرف سے SMS موصول ہونے میں دشواری ہو سکتی ہے لہٰذا آن لائن فارم میں صرف ایسا ہی موبائل نمبر درج کریں جسکا نیٹ ورک تبدیل نہ کیا گیا ہو۔ اس کے علاوہ اگر آپکا موبائل مسلسل تین (03) گھنٹے بند ہو یا آپ مسلسل تین (03) گھنٹے نیٹ ورک رینج سے باہر ہوئے اور اس دوران ایٹا کی طرف سے آپ کو SMS بھیجا گیا تو وہ SMS تین (03) گھنٹے تک نیٹ ورک میں رہنے کے بعد خودکار نظام کے ذریعے ختم (EXPIRE) ہو جائیگا یعنی ایسی صورت میں بھی آپ کو SMS موصول نہیں ہوگا۔ تمام امتحانی مراحل میں کامیاب امیدواران کا کوالٹی چیک ایٹا ہیڈ آفس پشاور میں ہوگا جس میں آخری مرتبہ امیدواران کی اصل تعلیمی و دیگر اسناد کی چیکنگ، بائیو میٹرک اور جسمانی پیمائش کی جائے گی۔ کوالٹی چیک میں غیر حاضری کی صورت میں امیدوار کا نام فائنل میرٹ لسٹ میں شامل نہیں ہوگا۔ کامیاب امیدواران کی جسمانی پیمائش اور انٹرویو / Psychological Test محکمہ پولیس بھی کرے گا۔ کسی بھی مرحلے پر جسمانی پیمائش میں کمی، بائیو میٹرک تصدیق میں ناکامی، ویڈیو کی عدم دستیابی یا انٹرویو میں ناکامی امیدوار کی نااہلی کا باعث ہوگی۔

یاد رہے کہ ایٹا کی طرف سے کی گئی پیمائش عارضی تصور ہوگی۔ جسمانی پیمائش و سلیکشن کا آخری اختیار محکمہ پولیس کے پاس ہے۔ کامیاب امیدواران پولیس کے کسی بھی یونٹ/ضلع میں تعینات کیے جا سکیں گے۔

جعلی دستاویزات یا غلط معلومات فراہم کرنے کی صورت میں تعزیراتی کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ امتحانی مرکز میں موبائل فون لانے کی اجازت نہیں ہے۔